

PRATHAM BOOKS
A Book in Every Child's Hand

پڑھنے کا معیار ۲

# بے شمار کیلے


**Author:** Rohini Nilekani
**Illustrator:** Angie & Upesh
**Translator:** Anis Azmi



شرنگیری‌شری نواس کے لیے آج کا دن بہت برا تھا۔


کسی کو اس کے کھیت کے میٹھے کیلوں کی ضرورت نہیں تھی۔



نہ تو اس کے گھر والوں کو۔

نہ اس کے پڑوسیوں کو۔

نہ ہی اس کے دوستوں کو۔



نہ تو ان بیوپاریوں کو جو دور بازار میں کیلے بیچ سکتے تھے۔ اور تو اور اس کی گائے اور بھینسوں کو بھی نہیں!



سب یہی کہتے "شکریہ" اب اور نہیں، "کیلے بہت میٹھے ہیں لیکن ہم پیٹ بھر کھاچکے ہیں۔اب اور نہیں کھاسکتے!"



بےچارہ شر نگیری شری نواس!

اب ان عمدہ کیلوں کی فصل کا کیا کرے؟



اس نے سوچا کیوں نہ گاؤں کے پاس واقع ڈوڈ ڈورو شہر جاکر کسانوں کے مرکز کی مدد لی جائے۔



عمدہ عمدہ کیلے گاڑی پر رکھ کر وہ چل پڑا۔


وہاں ضرور کوئی نہ کوئی ہوگا جو اسے اچھا مشورہ دے گا۔



کچھ دنوں بعد شرنگیری شری‌نواس خوشی خوشی گھر لوٹا۔اور اپنے کھیتوں میں کیلے کی نئی فصل لگانا شروع کردی۔




لیکن اس بار اس نے کسی کو بھی کیلے نہیں دیئے۔



نہ تو اپنے گھر والوں کو۔

نہ اپنے پڑوسیوں کو۔

نہ ہی اپنے دوستوں کو۔




نہ توان بیوپاریوں کو جو دور بازار میں ان کیلوں کو بیچ سکتے تھے۔اورہاں، اپنی گائے اور بھینسوں کو بھی نہیں!



سب کا ماتھا ٹھنکا۔ کیلے آخر جا کہاں رہے ہیں؟



ایک دن اس کے پڑوسی شِونّا نے بڑی سی پوجا کا اہتمام کیا۔



پنڈت.جی نے کہا کہ بھگوان کو چڑھاوے کے لیے 108 عمدہ پکے کیلے لے آؤ۔



شِونّا دوڑا دوڑا شرنگیری‌شری نواس کے پاس گیا۔ "پہلے منع کرنے کے لیے معافی چاہتا ہوں لیکن اب‌مجھے 108 عمدہ پکے کیلے چاہئے۔

تم میری مدد کروگے؟"



شر نگیری شری نواس نے پل بھر سوچا۔ "ویسے تو میری فصل کٹ چکی ہے لیکن دیکھتا ہوں، شاید کچھ کر پاؤں۔ تم اپنی پوجا شروع کرو۔ میں ضرور آؤں گا۔"



پوجا شروع ہوگئی۔

سارا گاؤں دیکھنے آیا۔

پنڈت جی نے منتر پڑھنا شروع کیا۔



جلد ہی وہ وقت آگیا جب بھگوان کو کیلے چڑھانے تھے۔




تبھی شرنگیری شری نواس ایک بڑا سا تھیلا اٹھائے وہاں پہنچا۔




تھیلے سے اس نے 27 پیکٹ نکال کر ہون کی آگ کے پاس رکھ دیئے۔ ہر پیکٹ سلیقے سے کیلے کے پتوں میں لپٹا ہوا تھا۔



ہر پیکٹ پر لکھا تھا: "عمدہ قسم کے کیلے کا حلوہ - ایس ایس فارمس۔"شر نگیری شری نواس نے ایک پیکٹ پنڈت جی کو بھی پیش کیا۔



"ہر پیکٹ میں 4 کیلوں کا گودا ہے۔ کل 27 پیکٹ ہیں۔ اس طرح یہ رہے آپ کے 108 عمدہ پکے کیلے!"



پنڈت جی کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔ وہ بے چارے منتر پڑھنا بھی بھول گئے۔ انہیں خاموش دیکھ کر ایک بچی نے قہقہہ لگایا۔



کچھ ہی دیر میں سارا گاؤں ہنس ہنس کر تالی بجا رہا تھا۔



اب سبھی کو معلوم ہوگیا کہ شر نگیری شری نواس اپنے کیلوں کی فصل کا کیا کرتا ہے!



## کیا آپ جانتے ہیں؟

## کیلوں کے بارے میں کچھ معلومات

انگریزی کا لفظ "Banana" یعنی کیلے عربی زبان میں "انگلی" کے لیے استعمال ہونے والے لفظ سے بنا ہے۔

دنیابھر میں کیلے کی سب سے زیادہ پیداوار ہندوستان میں ہوتی ہے جہاں کھانے والے 120قسم کے کیلے پیدا ہوتے ہیں۔ ٹریچی میں نیشنل ریسرچ سینٹر آن بناناز میں کیلوں کی120 قسمیں ہیں!

کیلوں میں وہ قوت ہے جو دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ کیلے سے طلبہ کو توانائی ملتی ہے۔ کئی ہندوستانی مٹھائیاں کیلوں سے بنتی ہیں۔ کیرالہ میں کیلا پائسن، کرناٹک میں کیلارسائنا، کیلے کا حلوہ، روا کیلا گڑ کی مٹھائی۔ کیا آپ کیلوں کی کچھ اور مٹھائیوں کے نام جانتے ہیں؟

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

## Story Attribution:

This story: بے شمار کیلے is translated by Anis Azmi . The © for this translation lies with Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Based on Original story: 'Too Many Bananas', by Rohini Nilekani . © Pratham Books , 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

## Other Credits:

'Kahani Kele Ki' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by PUSA - Nikki Gulati. www.prathambooks.org

## Images Attributions:

Cover page: Man and bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Man carrying pile of bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: People talking to man with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Cows running from man carrying bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: People talking to man carrying bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Sad man with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Man going to town, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Man travelling with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Man taking bananas from tree, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: People looking at man with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Disclaimer: https://www.storyweaver.org.in/terms_and_conditions

Some rights reserved. This book is CC-BY-4.0 licensed. You can copy, modify, distribute and perform the work, even for commercial purposes, all without asking permission. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/

PRATHAM BOOKS storyweaver

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

## Images Attributions:

Page 11: People looking at man, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: Cows looking at man with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: People staring at man with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 14: People at religious ceremony, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 15: Priest talking to confused man, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 16: Men talking, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 17: Two men talking, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 18: Religious ritual with priest and people, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 19: Scared man during religious ritual, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 20: People staring at man with bag, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 21: Priest looking at man with bag, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 22: Man offering priest a sweet, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Disclaimer: https://www.storyweaver.org.in/terms_and_conditions

Some rights reserved. This book is CC-BY-4.0 licensed. You can copy, modify, distribute and perform the work, even for commercial purposes, all without asking permission. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/

PRATHAM BOOKS storyweaver

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

## Images Attributions:

Page 23: Man thinking of bananas and packets, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 24: Surprised priest and laughing child, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 25: Priest and people laughing, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 26: Children looking at man with bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 27: Man wheeling a pile of bananas, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2010. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Disclaimer: https://www.storyweaver.org.in/terms_and_conditions

Some rights reserved. This book is CC-BY-4.0 licensed. You can copy, modify, distribute and perform the work, even for commercial purposes, all without asking permission. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/

# بے شمار کیلے

(Urdu)

شرنگیری شری نواس کے کھیتوں میں عمدہ کیلے پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن کوئی انہیں خریدنا نہیں چاہتا تھا۔ اس مزیدار کہانی کو پڑھ کر پتہ لگائیے کہ شرنگیری شری نواس نے کیلوں کا کیا کیا۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.

PRATHAM BOOKS
storyweaver

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India  and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!